ملتان، ڈیرہ غازی خان، لاہور، اسلام آباد، کراچی میں سب سے زیادہ پڑھا جانیوالا کثیرالاشاعت اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر چوہدری عادل


چیف ایگزیکٹو عروب آرائیں

جلد نمبر 01 | منگل 21 شوال 1445ھ 18 بیساکھ 30 اپریل 2024ء | شمارہ نمبر 103

# وفاقی محتسب کا حکم، انشورنس کمپنی نے بیوہ خاتون کو 35 لاکھ روپے کا کلیم ادا کر دیا

## حقدار کو اسکا حق دلوانا ہی وفاقی محتسب کی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر زاہد ملک سینئر انویسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب ملتان

ملتان (سٹاف رپورٹر) متاثرہ سکینہ مائی نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس ملتان میں درخواست دائر کی کہ اس کے خاوند نے سال 2014 میں 50 ہزار سالانہ ادائیگی کی بنیاد پر (State life Insurance Corporation) سے 3 عدد انشورنس پالیسیاں خریدکیں، جس کے بعد انکا سال 2022 میں انتقال ہوگیا، انشورنس کمپنی سے رابطہ کیا، مگر 1 سال گزرنے کے بعد بھی مذکورہ کلیم کی ادائیگی نہیں ہوسکی، جس پر ادارہ وفاقی محتسب میں درخواست دی جس کے بعد ڈاکٹر زاہد ملک سینئر انویسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب ملتان نے محکمہ سے جواب طلب کیا، بعد از تفتیش انہوں نے حکم دیا کہ بیوہ خاتون نے تمام قانونی تقاضے پورے کئے ہیں، ڈیتھ کلیم روکنے کا جواز ہرگز درست نہ ہے، ڈاکٹر



زاہد ملک نے محکمہ اسٹیٹ لائف کو فوری کلیم ادا کرنے کا حکم صادر کیا، جس پر محکمہ نے بیوہ خاتون کو 35 لاکھ روپے کا چیک دیا، جس پر متاثرہ بیوہ خاتون نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی اور سینئر انویسٹگیشن آفیسر وفاقی محتسب آفس ملتان ڈاکٹر زاہد ملک کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔۔۔